جلالپوریؒ، مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ، مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی وغیرہ کے مضامین کا مجموعہ ہے۔جن حضرات کے افکار ونظریات کو ہدف تنقید بنایا گیا ہے اس میں سے ڈاکٹر ذاکر نائیک، گوہر شاہی، جاوید احمد غامدی، زید زمان حامد، غلام احمد پرویز اور جناب عبدالستار ایدھی شامل ہیں۔ اگرچہ بعض مضامین کے اسلوب سے مسلکیت جھلکتی ہے مگر مجموعی طور جانب مخالف کے مؤقف کو ایک خاص نقطہ نظر سے سمجھنے میں معاون ہیں۔کتاب حاصل کرنے کیلئے اس نمبر پر رابطہ کیجئے 0310-3005313

- **مجموعہ وظائف**............مولفین: علماء ومدرسہ مکتبہ بیت العلم

ضخامت: ۵۵۱صفحات ناشر: مکتبہ بیت العلم اردو بازار کراچی

زیر تبصرہ کتاب ’’مجموعہ وظائف‘‘ جسے مدرسہ بیت العلم کے اساتذہ نے قرآن وسنت میں بکھرے ہوئے اوراد وظائف اور معمولات جمع کر کے شائع کرنے کی سعادت حاصل کی،اگر ایک مسلمان ان وظائف،اوراد اور معمولات کو اپنا معمول بنالیں تو اسکی ساری پریشانی دور ہوسکتی ہے اور دل کو نور اور ساتھ اسکی فضیلتوں کا ثواب بھی ملے گا۔مرتبین نے ان تمام وظائف اوراوراد معمولات کو کتابی شکل میں جمع کر کے امت کے نوجوانوں، بزرگ اور خواتین پر احسان کیا ساتھ ہی ساتھ ہر وظیفہ کے ترتیب اور عبارت کا اردو ترجمہ بھی کیا، یہ کتاب عام فہم اور سادہ زبان میں لکھی ہے امید ہے کہ اس سے لوگوں مستفید ہونگے۔اللہ تعالیٰ اس کتاب کو قبولیت سے نوازے۔(مبصر: اسلام حقانی)

- **قرآنی معلومات**............مولف: گروپ کیپٹن (ر) عبدالوحید خان

قرآنی معلومات پر مشتمل یہ مجموعہ اردو میں ایک گراں قدر اضافہ ہے۔قرآن پاک کی تقسیم، علامات آیات، حروف مقطعات، سورتوں کی فہرست، سجدوں کا ذکر، اہم قرآنی دعائیں، انبیاء علیہم السلام کے تذکرے، قرآن میں ذکر شدہ اقوام کا ذکر، قرآن میں مذکور نام، قرآنی مثالیں، وغیرہ وغیرہ کے تفصیلات موجود ہیں۔قرآن علوم ومعارف حقائق اور دقائق اور قرآن کے ہمہ جہت علوم وفنون کے خزانوں سے اس کو بھر دیا ہے۔ ہر موضوع نوید جان فزا ہے اپنے موضوع پر ایک مناسب کتاب، ہر بات مدلل اور تحقیق لاجواب اس کو مرتب کر کے قارئین اور تشنگان علوم قرآن پر احسان کیا موصوف اسکے علاوہ بھی کئی کتابوں کے مصنف ہیں قرآن عظیم کی خدمت کا جذبہ اور ولولہ اس کی اساس ہے۔۲۶۰ صفحات پر مشتمل یہ قرآنی سوغات درج ذیل نمبر پر رابطہ کر کے 021-35894886 حاصل کر سکتے ہیں۔(مبصر: مولانا محمد اسلام حقانی)